786

درجہ رابعہ مدنی

# تفسیر جلالین

## سوالات کے جوابات

## پارہ نمبر

## (16)

نوٹ:

ان میں کچھ رکوع نہیں ہیں۔

جن سے سوالات نہیں بنتے تھے اس لیے ان کو ذکر نہیں کیا اور ممکنہ حد تک تفسیر سے باریک بینی کے ساتھ سوالات بنائے گئے ہیں۔ [redacted]

اگر [redacted] آپ کو کوئی غلطی نظر نہ آئے تو بتائیں۔


جامعۃ المدینہ فیضان ازہریہ ملتان۔

نام: محمد طیب رضا عطاری عفی عنہ

[redacted]: 03249239397
03101476177

نمبر:

# سوال جواب

## رکوع نمبر 1:

① حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہ سلام جس بستی کی طرف گئے اس کا نام کیا تھا۔

ج اس بستی کا نام انطاقیہ تھا۔

② انطاقیہ بستی میں جو دیوار گرنے کی وجہ سے نبی علیہ سلام نے کی حضرت خضر علیہ سلام یا حضرت موسیٰ علیہ سلام

ج حضرت خضر علیہ سلام نے

③ دیوار کی بلندی کتنی تھی۔

ج ۱۰۰ گز

④ دریا میں کشتی چلانے والے کتنے بھائی تھے

ج ۱۰ بھائی۔

⑤ ان میں سے یعنی ۱۰ بھائیوں میں سے اپاہج جو کچھ نہیں کر سکتے وہ کتنے بھائی تھے۔

ج ۵ بھائی تھے۔

⑥ حضرت خضر علیہ اسلام نے لڑکے کو کیوں قتل کیا اور کیا انہوں نے جس وجہ سے اس لڑکے کو قتل کیا تو کیا اس کی اجازت کسی اور کو بھی ہے۔

ج جس لڑکے کو حضرت خضر علیہ اسلام نے قتل کیا وہ کافر ہی پیدا ہوا تھا آپ نے باطن کا حال جان کر اسے قتل کیا کیونکہ اس کے والدین مسلمان تھے اور کہیں وہ اس کی محبت میں آ کر کفر کی طرف مائل نہ ہو جائیں

نوٹ:- اس حالت میں قتل کرنا صرف حضرت خضر علیہ سلام کے ساتھ خاص ہے اور کسی کو اجازت نہیں اس کی۔

(8) جس دیوار کو حضرت خضر علیہ السلام نے کھڑا کیا
وہ کن کی تھی۔
ج: وہ دیوار دو یتیم بچوں کی تھی۔
(9) اس دیوار کے نیچے کیا تھا۔
ج: اس دیوار کے نیچے خزانہ تھا۔

رکوع نمبر: (2)۔

(10) ذوالقرنین کا نام کیا تھا؟
ج: ذوالقرنین کا نام اسکندر تھا۔
(11) کیا ذوالقرنین نبی تھے۔
ج: جی نہیں آپ نبی نہیں تھے اللہ تعالیٰ کے پیارے بندے تھے۔
(12) حضرت ذوالقرنین کو اللہ تعالیٰ نے کیا کیا اختیارات
دیے ہیں؟
ج: حضرت خضر کو اللہ تعالیٰ نے زمین کی بادشاہی
جاہ منصب اور ہر وہ چیز جو بادشاہ کو دی جاتی
ہے دی آپ اپنی کوشش سے مشرق و مغرب یعنی
سورج کے طلوع و غروب ہونے کی جگہ کو جا پہنچے کہ اللہ تعالیٰ
نے طاقت دی۔ اور اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک راستہ
عطا کیا جو انہیں [illegible] اُن کی مراد تک لے جانے والا تھا
زمین کا سفر ان کے لیے آسان فرما دیا۔
(13) اللہ تعالیٰ نے جو ذوالقرنین کو راستہ دیا وہ کس طرف
اور کہاں تھا۔
ج: وہ راستہ مغرب کا تھا سورج غروب ہونے کی
جگہ کا تھا

(14) ذوالقرنین نے سورج کو کہاں ڈوبتے پایا؟
ج ایک سیاہ کیچڑ کے چشمے میں ڈوبتا پایا
(15) عبارت میں "حمئۃ" کس معنی میں استعمال کیا گیا ہے؟
ج عبارت میں لفظ "حمئۃ" ذات حمئۃ کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے جس کے معنی ہیں کالی مٹی۔
(16) اللہ تعالیٰ نے الہام کے ذریعے ذوالقرنین کو کیا فرمایا اور وہ قوم جس کو آپ نے مغرب شمس میں پایا کیا وہ مسلمان تھی؟
ج وہ قوم جس کو آپ نے مغرب شمس میں پایا وہ کافر تھی اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے ذوالقرنین یا تم اس قوم کو عذاب دو قتل کر کے یا ان کے ساتھ بھلائی اختیار کرلو ان کو قید میں لا کر۔
(17) پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت ذوالقرنین کو حکم دیا سورج کے طلوع ہونے کی جگہ کی طرف جانے کا تو آپ نے وہاں کیا پایا؟
وہاں آپ نے ایک ایسی قوم کو پایا جن کے پاس نہ تھی نہ چھت یعنی وہ عمارت کے متحمل نہ تھے سورج ان کے لیے کوئی آڑ نہ ہوتا اُن کا حال یہ تھا کہ جب سورج طلوع ہوتا تو ان کے غار تھے جن میں وہ چھپ جاتے اور جب سورج بلند ہوتا تو وہ باہر نکل آتے تھے

18 پھر اس کے بعد حضرت ذوالقرنین کہاں گئے؟

ج۔ اس کے بعد حضرت ذوالقرنین دو پہاڑوں کے درمیان پہنچے۔

19 وہ دو پہاڑ کہاں پر ہیں۔

ج۔ وہ دو پہاڑ ترکی کے آخر شہر میں تھے۔

20 دیوار اسکندر کہاں ہے۔

ج۔ دیوار اسکندر ان دو پہاڑوں کے درمیان میں ہے۔

21 ان دو پہاڑوں کے سامنے حضرت ذوالقرنین نے کیسے لوگوں کو پایا؟

ج۔ آپ نے وہاں ایسے لوگوں کو پایا جو کوئی بات سمجھنے معلوم نہ ہوتے تھے یعنی وہ بات اشاروں کی زبان میں سمجھتے تھے۔

22 اس قوم کا نام کیا تھا۔

ج۔ اس قوم کا نام یاجوج ماجوج تھا۔

23 یاجوج ماجوج کے بارے میں تھوڑی وضاحت۔

ج۔ یہ دونوں عجمی اسم ہیں۔ اور یہ دو قبیلوں کے نام ہیں۔ اور غیر منصرف ہیں۔ زمین میں فساد مچاتے ہیں ہماری طرف نکل کر قتل و غارتگری اور بغاوت کر کے فساد کرتے ہیں۔

24 آپ نے انکے اور ہمارے درمیان جو دیوار بنائی وہ کس چیز کی تھی۔

ج۔ لوہے کے تختے اور ان کے بیچ میں [illegible] اینٹیں اور کوئلہ بھر دیا۔ پھر اس پر پگھلا ہوا تانبہ انڈیل دیا وہ تانبہ لوہے کے ٹکڑوں میں داخل ہو گیا یہ دیوار مکمل ہو گئی۔

Scanned with CamScanner

25 دمہ کا معنی؟
ج مضبوط آڑ کرتے ہیں۔
26 قطرا کا معنی۔
پگھلا ہوا تانبہ۔

## رکوع نمبر (3)

27 اللہ تعالیٰ نے مومنوں کے ساتھ جو ایمان لائے اور اچھے اعمال کے ان کے ساتھ کس جنت کا وعدہ کیا۔
ج جنت الفردوس کا۔
28 مدادا کسے کہتے ہیں۔
مدادا اس سیاہی کو کہتے ہیں جس کے ذریعے لکھائی ہوتی ہے۔

Scanned with CamScanner

# رکوع نمبر: (۶)

33 وھن کے معنی:
کمزور ہونے کے ہیں۔

34 حضرت زکریہ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے کیا دعا کی۔

ج: حضرت زکریہ علیہ السلام نے عرض کی اے اللہ یا رب! میری تمام ہڈیاں کمزور ہو گئیں۔ میرے بالوں میں سفیدی اس طرح پھیل گئی ہے کہ جس طرح آگ کی شعاعیں ایندھن میں پھیلی ہوتی ہیں۔ اے میرے رب میں تجھے پکارتا ہوں اور ماضی میں میں تجھے پکار کر نامراد نہ رہا اور آئندہ بھی کبھی محروم نہ کرنا۔ اور مجھے قرابت والوں کا ڈر ہے۔ جو نسب میں مجھ سے تعلق رکھتے ہیں جیسا کہ میرے چچا زاد بھائی۔ اپنے بعد اور میری بیوی بانجھ ہے۔ مجھے اپنے پاس سے ولی یعنی بیٹا دے وہ میرا جانشین ہو جو اولاد یعقوب کا وارث ہو اور اے میرے رب اسے اپنے نزدیک پسندیدہ کر۔

35 اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو جو بیٹا عطا کیا بیٹا عطا کیا اپنا نبی تو ان کا نام کیا ہے۔

ج: ان کا نام حضرت یحییٰ علیہ السلام ہے۔

36 عتیا کا معنی

ج: کا معنی ہے۔ سوکھ جانا انتہائی عمر کو پہنچنا جس میں کوئی امید نہ ہو۔

Scanned with CamScanner

(37) جب اللہ تعالیٰ نے حضرت زکریا علیہ السلام کو خوشخبری دی تو اس وقت آپ کی اور آپ کی زوجہ کی عمر کیا تھی؟

ج۔ حضرت زکریا علیہ السلام کی عمر اس وقت ایک سو بیس (120) سال تھی اور آپ کی زوجہ کی عمر اٹھانوے (98) سال کو پہنچ چکی تھی۔

(38) حضرت زکریا علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے نشانی مانگی بیٹے کے پیدا ہونے کی تو اللہ تعالیٰ نے کیا نشانی بتائی؟

ج۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ نشانی تیری بیوی کے حاملہ ہونے کی یہ ہے کہ تو تین رات لوگوں سے کلام نہ کرے

(39) یہاں رات سے کیا مراد ہے؟

یہاں رات سے مراد دن ہے تین دن کلام نہ کرے

(40) سویا کا معنی:

ج۔ سویا کا معنی ہے۔ تندرست ہونا

(41) حضرت یحییٰ علیہ السلام کو کون سی کتاب عطا کی گئی؟

ج۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی پاک کتاب توریت عطا کی گئی۔

(42) حضرت یحییٰ علیہ السلام کو نبوت کب اور کتنی عمر میں عطا کی گئی؟

ج۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام کو نبوت بچپن میں عطا کی گئی آپ کی عمر اس وقت تین سال تھی۔

Scanned with CamScanner

## رکوع نمبر (۲)

حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام کب آئے۔ اور آپ کس حالت میں تھیں۔ عقیدہ

ج۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا جب اپنے گھر والوں سے الگ ہو گئیں مشرق کی طرف۔ ایک پردہ تان لیا تاکہ وہ خود کو چھپا کر اپنے اپنے سر یا لباس کو جوؤں کے حوالے سے چیک کر سکیں یا حیض منقطع ہونے کی وجہ سے غسل کر سکیں۔ تو اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اس کے بعد کہ وہ لباس پہن چکی تھیں۔

## (الربع)

(44) مخاض کا معنی۔

ج۔ جننے کا درد ہے۔

(45) سریا کا معنی؟

ج۔ پانی کی نہر ہے۔

(46) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کون سی مبارک کتاب عطا کی گئی؟

ج۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو انجیل عطا کی گئی۔

(47) مبارکاً کا معنی؟

ج۔ مبارکا کا معنی ہے لوگوں کو خوب نفع پہنچانے والا

(48) کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بیٹے تھے
ج: جی نہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بیٹے نہیں تھے اللہ تعالیٰ اس چیز سے پاک ہے نہ وہ کسی کا بیٹا ہے اور نہ ہی اُس کی کوئی اولاد ہے۔

(49) عیسائیوں کا قول تین خدا ہیں وہ کون کون سے ہیں جن کو وہ خدا مانتے ہیں۔
ج: اللہ، مریم اور مسیح۔ اور دوسرا قول۔ باپ بیٹا اور روح القدس یعنی حضرت جبرائیل کو سمجھتے ہیں۔ یہ سب جھوٹ ہے۔

(50) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کس طرح کے معجزات عطا کیے گئے۔ اور ان کا حال بیان کریں؟
ج: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں طب کو انتہائی عروج حاصل تھا اس لیے آپکو اسی قسم کے معجزات عطا کیے گئے تاکہ معلوم ہو کہ طب کے طریقے سے جس کا علاج ممکن نہ ہو اسکو تندرست کر دینا یقیناً معجزہ ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس پچاس پچاس ہزار مریضوں کا اجتماع ہو جایا کرتا تھا۔

## رکوع نمبر: (6)

(51) حضرت ابراھیم علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا۔
آپ کے والد کا نام آزر تھا۔

(52) صراط اور سویا کا معنی کیا ہے۔
ج: صراط کا معنی ہے راستہ اور سویا کا معنی ہے سیدھا

Scanned with CamScanner

(53) عصیا کا معنی کیا ہے؟

ج عصیا کا معنی ہے کثیر العصیان ہے۔

(54) حفیا کا کیا معنی ہے؟

ج حفی حفیا سے بنا ہے جس کے معنی ہیں مہربانی کرنے والا

(55) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کتنے بیٹے ہوئے جب وہ ارض مقدس کی طرف گئے

ج آپ کے دو بیٹے تھے جب آپ ارض القدس کی طرف گئے۔

(56) ان کے نام کیا تھے اور کیا وہ دونوں نبی تھے یا نہیں؟

ج حضرت اسحاق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام جی ہاں وہ دونوں ہی نبی تھے۔

## رکوع نمبر (7)

(57) دونوں بھائی حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام میں سے زیادہ عمر کس کی تھی اور ان میں اللہ تعالیٰ نے رسول بنا کر کس نبی کو بھیجا؟

ج حضرت ہارون علیہ السلام کی عمر زیادہ تھی۔ اور اللہ تعالیٰ نے حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔

(58) کیا حضرت اسماعیل علیہ السلام رسول تھے؟

ج جی ہاں آپ اللہ کے رسول تھے۔

(59) حضرت اسماعیل علیہ السلام وعدہ کے پکے تھے دو قول بتائیں جن میں آپ کو ایک شخص نے کہیں ٹھہرنے کا کہا اور وہ بھول گیا یا کوئی بھی وجہ تھی وہ نہ آیا اور آپ انتظار کرتے رہے وہ دن کتنے تھے۔

ج آپ تین یا ایک سو سال تک انتظار کرتے رہے۔
اسی جگہ پر انتظار کرتے رہے۔

(60) حضرت ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام
کے کیا لگتے تھے۔

ج حضرت ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے
پردادا ہیں۔

(61) حضرت ادریس علیہ السلام کون سے آسمان پر ہیں
یا جنت میں یا دنیا میں رہ رہے ہیں۔

ج حضرت ادریس علیہ السلام کے مقام کے بارے میں قول ہیں
آپ چوتھے یا ساتویں آسمان پر ہیں یا جنت
میں ہیں۔ اور آپ جنت سے نہیں نکلے

(62) کیا حضرت ادریس علیہ السلام کو بھی موت کا مزا چکھایا گیا

ج جی ہاں ان کو بھی موت کا مزا چکھایا گیا۔

(63) حضرت ادریس علیہ السلام کے پوتے کا کیا نام ہے۔

ج آپ کے پوتے کا نام حضرت سام ہے۔

(64) حضرت اسماعیل علیہ السلام کس کی اولاد میں سے ہیں۔

ج آپ حضرت سام کی اولاد میں سے تھے۔

(65) حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی میں کون سے نبی
سوار تھے

ج حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

(66) کیا جنت میں دن اور رات ہے۔

جی نہیں جنت میں دن اور رات نہیں ہیں۔

Scanned with CamScanner

# رکوع نمبر (8)

67. جثیا کا معنی کیا ہے۔
ج گھٹنوں کے بل ہونا۔
68. عتیا کا معنی کیا ہے۔
ج جزء مت ہے۔
69. مقام کا معنی کیا ہے۔
ج منزل اور مسکن
70. ندیا کے کیا معنی ہیں۔
ج ندیا کا معنی نادی ہے اس کے معنی ہیں قوم کے جمع ہونے کی جگہ جہاں پر وہ جمع ہو کر بات کرتے ہیں
71. اثاثا سے کیا مراد ہے۔
ج اثاثا سے مراد مال و متاع ہے۔
72. رِیا سے کیا مراد ہے۔
ج رِیاء سے مراد دیکھنے کے لائق ہے۔
73. مردا کا کیا معنی ہے۔
ج مردا کا معنی ہے بدلہ انجام
74. اس کافر کا نام بتائیں کہ جس نے حضرت خباب کا قرض دینا تھا اُس نے کہا کہ میں اس وقت تک قرض ادا نہیں کروں گا جب تک آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار نہ کریں یعنی ان کے ساتھ سفر نہ کریں لیں ان کو جھوٹا نہ دیں۔
ج عاص بن وائل تھا۔

Scanned with CamScanner

## رکوع نمبر: (۹)

75 وافد کے کیا معنی ہیں۔
ج سواری

76 وارد کے کیا معنی ہیں۔
ج پیدل چلنے والا پیاسے

77 لدا کے کیا معنی ہیں۔
ج ناحق جھگڑنے والا

78 قرن کسے کہتے ہیں
ج امت کو۔

## رکوع نمبر: (۱۰)

79 عرش کے لغوی معنی کیا ہیں
ج تخت

80 ثری کا کیا معنی ہے۔
گیلی مٹی

81 قبس کا کیا معنی ہے۔
ج چنگاری

82 اخلع کسے کہتے ہیں۔
ج درخت سے پتے جھاڑنے کو

83 سیرۃ کے کیا معنی ہیں۔
ج حالت۔

# رکوع نمبر: (11)

(84) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نکاح میں کون سے نبی کی بیٹی تھی۔ مصر سے مدین آنے کے بعد کن کی بیٹی سے نکاح کیا

ج حضرت شعیب علیہ السلام۔

(85) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو رسالت کس عمر میں دی گئی؟

ج چالیس (۴۰) سال کی عمر میں۔

(86) اولی النھی کا کیا معنی ہے؟

ج عقل والے

(87) فرعون کی بیوی کا کیا نام تھا؟

ج ان کا نام بی بی آسیہ ہے۔

(88) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا کس لکڑی کا بنا ہوا تھا؟

ج بادام کی لکڑی کا بنا ہوا تھا

# رکوع نمبر: (12)

(89) جادوگروں کی تعداد کتنی تھی۔

ج جادوگروں کی تعداد کے حوالے سے مختلف اقوال ہیں۔

* مقاتل کے نزدیک ان کی تعداد بہتر (72) تھی جن میں دو قبطی اور ستر بنی اسرائیلی تھے۔

* کلبی کے نزدیک ان کی تعداد اہل نینوی کے ستر عام آدمی تھی

Scanned with CamScanner

* کعب کے قول کے مطابق بارہ ہزار (12000) تھی
* سدی کے قول کے مطابق تین ہزار تھی اور کچھ زائد۔
* عکرمہ کے مطابق ستر ہزار (70,000) تھی
* محمد بن منکدر کے مطابق اسی ہزار (80,000)

(90) جادوگروں کے سردار کا کیا نام تھا

ج اس کے دو قول ہیں۔

* ایک شمعون تھا
* دوسرا ابن جریج کے مطابق یوحنا ثانی شخص تھا

(91) تلقف کا معنی کیا ہے۔

ج نگلنا۔

# رکوع نمبر: (13)

(92) یم کسے کہتے ہیں۔

ج سمندر کو۔

(93) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کونسی کتاب عطا کی گئی

ج آپ کو توریت عطا کی گئی

(94) من و سلویٰ کیا ہے۔

ج من و سلویٰ سے کیا مراد ہے اس بارے میں مفسرین کے مختلف اقوال ہیں۔

* من سے مراد وہ نعمت ہے جو اللہ تعالیٰ نے مقام تیہ میں بنی اسرائیل پر فرمائی اور ان کے پاس یہ نعمتیں بغیر محنت و مشقت کے آئیں۔ اسی قول کو زجاج نے بھی اختیار کیا

* من سے مراد یہی شراب ہے جو ان پر شہد کی مثل
آسمان سے نازل ہوتی ہے وہ پانی میں ملا کر پیتے تھے
* سلوی کے تذکرہ کیا ہے کہ لغت کنانہ میں
سلوی سے مراد شہد ہے۔

* سلوی سے مراد ایک بیٹر کی مانند پرندہ جس کی
خاصیت یہ ہے کہ اس کا گوشت کھانے سے سخت
دل نرم پڑ جاتے ہیں وہ پرندہ بادل کی کڑک سن
کر مر جاتا ہے جیسا کہ ابابیل سردی کی وجہ سے
ہلاک ہو جاتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اسے الہام فرمایا
کہ وہ ان سمندری جزیروں میں بسیرا کرلے جہاں میں
نہ تو بارش ہوتی ہے اور نہ ہی بادلوں کی کڑک ہوتی
ہے۔ جب بارش اور گرج ختم ہو جاتی ہے تو یہ پرندہ
زمین میں پھیل جاتا ہے۔

(95) سامری جادوگر کون تھا؟ اس کی گمراہی کیا تھی۔

ج * علامہ صاوی فرماتے ہیں کہ سامری کا نام موسیٰ تھا
اور دیگر کتب میں اس کا نام ہارون بتایا گیا ہے۔ یہ
ولد الزنا تھا، اس کی ماں نے اسے پہاڑ کے دامن میں
جنم دیا۔ اللہ تعالیٰ حضرت جبرائیل کو اس کے پاس بھیجتا
اور حضرت جبرائیل علیہ السلام اسے اپنی انگلی سے دودھ
پلاتے پس اسی وجہ سے سامری حضرت جبرائیل علیہ السلام
کو پہچان لیتا جب وہ زمین میں اترتے * حضرت جبرائیل علیہ السلام
فرعون کے غرق ہونے کے دن اترے اور وہ گھوڑے پر
سوار تھے۔ جو چیز بھی ان کے گھوڑے کے کھر کے نیچے آتی
اس جگہ سے سبزہ اور پھل اگنے لگتا، سامری

نے یہ بات تاڑلی کہ اور جان لیا کہ اس مٹی میں اثر ہے۔ اس نے اس مٹی سے کچھ لے لیا محفوظ کر لی پھر جب حضرت موسیٰ علیہ السلام مناجات کو گئے تو اس نے ایک بچھڑا بنایا اور اس میں وہ مٹی ڈال دی اور کہا یہ تمہارا اور موسیٰ کا رب ہے۔

* عبدالرزاق، ابن منذر، ابن ابی حاتم اور ابو شیخ قتادہ سے روایت کیا ہے کہ سامری نے آل فرعون سے زیور لے کر اور انہیں جمع کر کے ایک بچھڑا کی صورت میں ڈھالا تو اللہ نے اسے جسم، گوشت، خون اور آواز والا کر دیا۔

**نوٹ:** سامری نے بھی یہ بات مانی کہ تبرکات میں برکت ہوتی ہے جبھی اس نے اس مٹی کو اٹھا کر اپنے پاس محفوظ کیا کہ اس مٹی میں برکت ہے۔

96. اوزار اٹھاتے ہیں؟

ج: بوجھ کو۔

97. کوہ طور کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کتنے دنوں کا کیا؟

ج: تیس دنوں کا اور اس میں راتیں بھی شامل ہے آپ رات اور دن دونوں میں روزہ رکھتے تھے۔

## رکوع نمبر: (16)

98. حضرت موسیٰ علیہ السلام جب کوہ طور سے واپس آئے تو انہوں نے حضرت ہارون علیہ السلام کے ساتھ کیا رویہ کیا؟

ج: آپ نے حضرت ہارون علیہ السلام کی داڑھی دائیں ہاتھ سے پکڑی اور بالوں کو دائیں ہاتھ سے پکڑ لیا غضب و جلال کی وجہ سے

(99) بچھڑا کس چیز کا تھا؟

ج) اس میں اختلاف ہے

* سونے کا تھا
* گوشت کا تھا
* وہ بے جان مجسمہ تھا۔

(100) واپس آنے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سامری کے ساتھ کیا کیا

ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے کہا تو چلا جا ہمارے درمیان سے تیری زندگی کی مدت میں سزا یہ ہے کہ تو جسے ملے اُسے کہے کہ میرے قریب مت آنا۔ پس ایسا ہی ہوا وہ جنگل میں بھٹکتا پھرتا اور جب اسے کوئی چھو لیتا یا یہ کسی کو چھوتا تو دونوں کو بخار ہو جاتا۔

## رکوع نمبر: (15)

(101) عوجا کا کیا معنی ہے۔

ج) ٹیڑھا ہونا

(102) امتا کے کیا معنی ہے۔

ج) بلند ہونا

(103) صرفنا کے کیا معنی ہیں۔

ج) گزرنا ہے۔

(104) آواز کیسی ہوگی جس میں حضرت اسرافیل علیہ السلام دیں گے

ج) وہ آواز میدان حشر کی طرف جانے میں قدموں کی آواز ہوگی یہ آواز اونٹوں کے چلتے وقت ان کے پاؤں سے نکلنے والی آواز کی طرح ہوگی۔

Scanned with CamScanner